2025-08-23

Hrs08.30

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ بیگم

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

-------------------------------------------------------------

1- وزیر اعظم نریندر مودی اس مہینے کی 29 تاریخ سے جاپان اور چین کا 4 روزہ دورہ کریں گے۔

2- GSTکونسل کی دو روزہ میٹنگ اگلے مہینے کی 3 تاریخ کو نئی دلّی میں شروع ہوگی۔

3- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے قریبی ساتھی Sergio Gor کو بھارت میں امریکہ کا اگلا سفیر مقرر کیا ہے۔

4- چاند کے قطب جنوبی پر چندریان تین مشن کی کامیاب سافٹ لینڈنگ کی یاد میں آج ملک بھر میں قومی خلائی دن منایا جا رہا ہے۔

5- بلغاریہ میں جاری 20 سال سے کم عمر کی عالمی کُشتی چیمپئن شپ میں، خواتین کے مقابلے میں بھارت کی کاجل Dochak نے سونے کا تمغہ، جبکہ شروتی اور ساریکا نے کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Japan China Visit

وزیر اعظم نریندر مودی اس ماہ کی 29 تاریخ کو جاپان اور چین کے چار روزہ دورے پر روانہ ہوں گے۔ جناب مودی 29 و 30 اگست کو جاپان میں 15 ویں بھارت-جاپان سالانہ چوٹی کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ یہ وزیر اعظم جناب مودی کا جاپان کا 8 واں دورہ ہوگا اور جاپان کے وزیر اعظم Shigeru Ishiba کے ساتھ پہلی چوٹی کانفرنس ہوگی۔ جناب مودی کے دورے کے دوران دونوں وزراء اعظم بھارت اور جاپان کے درمیان دفاع، سکیورٹی، تجارت، معیشت، ٹکنالوجی و اختراع سمیت خصوصی کلیدی اور عالمی شراکت داری کے معاملوں کا جائزہ لیں گے۔ دونوں رہنما علاقائی اور عالمی اہمیت کے معاملات پر بھی تبادلہٗ خیال کریں گے۔

دورے کے دوسرے مرحلے میں، وزیر اعظم چین کے Tianjin میں شنگھائی تعاون تنظیم چوٹی کانفرنس میں شرکت کے لیے 31 اگست سے یکم ستمبر تک چین کے دورے پر ہوں گے۔ چوٹی کانفرنس سے علیحدہ توقع ہے کہ وزیر اعظم جناب مودی کئی عالمی رہنماؤں کے ساتھ دوطرفہ میٹنگیں بھی کریں گے۔ بھارت 2017 سے شنگھائی تعاون تنظیم کا رکن رہا ہے۔ بھارت نے 2022-23 کے دوران SCO کے سربراہانِ مملکت کی کونسل کی صدارت بھی سنبھالی تھی۔×

## PM Semicon India

وزیر اعظم نریندر مودی نئی دلّی میں اگلے مہینے کی 2 تاریخ کو چوتھے Semicon India 2025کا افتتاح کریں گے۔ اِس تین روزہ نمائش میں مائیکرو الیکٹرانکس اور سیمی کنڈکٹر Value Chainکے شعبے میں ملک کی بڑھتی ہوئی صلاحیت اور آئندہ کے پروگراموں کی جھلک پیش کی جائے گی۔

کل نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کی وزارت کے سکریٹری ایس کرشنن نے بتایا کہ پہلی مرتبہ اِس نمائش میں جاپان، جنوبی کوریا، سنگاپور اور ملیشیا کے چار بین الاقوامی پویلین بھی ہوں گے۔

S/B - Krishnan

Semicon India 2025کا مقصد عالمی اشتراک و تعاون کو فروغ دینا، گھریلو اختراعات کی حمایت کرنا اور ایک بااعتماد، وسعت پذیر اور مسابقتی الیکٹرانکس پیداوار کے مرکز کے طور پر بھارت کے رول کو مستحکم کرنا ہے۔×

## GST Counil Meeting

GSTکونسل کی 56 ویں میٹنگ اگلے ماہ کی 3 اور 4 تاریخ کو نئی دلّی میں ہوگی۔ مرکزی وزیر خزانہ محترمہ نرملا سیتا رمن میٹنگ کی صدارت کریں گی۔

گزشتہ GST کونسل میٹنگ پچھلے سال دسمبر میں راجستھان کے جیسلمیر میں ہوئی تھی، جس میں تغذیہ بخش بنائے گئے چاول کی شرح میں 5 فیصد کی کمی کرنے اور Pre-Packaged اور لیبل شدہ اشیاء کی وضاحت میں ترمیم کرنے سمیت اشیاء اور خدمات ٹیکس GST سے متعلق متعدد فیصلے کیے گئے تھے۔×

## Rajnath Defence

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ ملک پانچویں سلسلے کے لڑاکا ہوائی جہاز تیار کرنے اور ہوائی جہازوں کا انجن بنانے کی سمت آگے بڑھ رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ملک میں فرانس کی کمپنی Safran کے ساتھ طیاروں کے انجن بنانے کا کام شروع ہونے والا ہے۔ کل نئی دلّی میں ایک تقریب کے دوران اظہارِ خیال کرتے ہوئے وزیر دفاع نے کہا کہ بھارت اختراعی اور تکنیکی فروغ کو بڑھاوا دے کر اور اندرونِ ملک کمپنیوں کیلئے ترقی کا مناسب ماحول پیدا کرکے ایک مضبوط دفاعی نظام قائم کر رہا ہے۔

S/B - Rajnath Make in India

انھوں نے کہا کہ سرکار نے 97 تیجس لڑاکا ہوائی جہاز بنانے کیلئے HAL کے ساتھ ایک نئے آرڈر کو منظوری دی ہے، جس پر 66 ہزار کروڑ روپئے کی لاگت آئے گی۔

انھوں نے بتایا کہ HAL کو اِس سے پہلے 48 ہزار کروڑ روپئے کی لاگت پر 83 ہوائی جہاز تیار کرنے کا آرڈر دیا گیا تھا۔×

Fertilizer Production

حکومت نے کہا ہے کہ موجودہ خریف سیزن کے دوران ریاستوں میں کھاد کی وافر مقدار دستیاب ہے۔ کیمیکلز اور کھادوں کی وزارت کے مطابق 143 لاکھ میٹرک ٹن کی ضرورت کے مقابلے مجموعی طور پر 183 لاکھ میٹرک ٹن کھاد دستیاب ہے، جس میں سے 155 لاکھ میٹرک ٹن کھاد پہلے ہی فروخت ہوچکی ہے۔ وزارت نے بتایا کہ ڈائی امونیم فاسفیٹ DAP کی ضرورت 45 لاکھ میٹرک ٹن تھی، جبکہ اِس کی دستیابی 49 لاکھ میٹرک ہے، جس میں سے 33 لاکھ میٹرک ٹن فروخت ہوچکی ہے۔

وزارت کے مطابق سال 2024-25 کے دوران 306 لاکھ میٹرک ٹن سے زیادہ یوریا کی پیداوار ریکارڈ کی گئی۔×

ICMR DHR Conference

طبّی تحقیق کی بھارتی کونسل ICMR کے ڈائریکٹر جنرل، ڈاکٹر راجیو بہل نے اس بات پر زور دیا ہے کہ صحت کے شعبے میں تحقیق کو آگے بڑھانے کے لیے جنوب سے جنوب کا اشتراک نہایت ضروری ہے۔ انہوں نے ملک میں تحقیق سے متعلق بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے اور فنڈنگ کے لیے سرمایہ کاری کی ضرورت کو بھی اُجاگر کیا۔ ڈاکٹر بہل نے یہ بات کل نئی دلّی میں صحت کی تحقیق اور صحت عامہ کے شعبے میں اختراعات کے موضوع پر منعقدہ بین الاقوامی میٹنگ میں ”آگے کی راہ“ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔

S/B - Rajiv Bahl

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

US Envoy India Appointment

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے اپنے قریبی ساتھی سرجیو گور کو بھارت میں امریکہ کا نیا سفیر مقرر کیا ہے۔ وہ بھارت کے سفیر کے علاوہ جنوبی اور وسطی ایشیاء کے لیے امریکہ کے خصوصی ایلچی بھی ہوں گے۔ ٹرتھ سوشل پر ایک پوسٹ میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ دنیا کے سب سے زیادہ آبادی والے خطّے کے لیے انہیں کسی اپنے بھروسے مند شخص کی ضرورت تھی، جو ان کے ایجنڈے کو عملی جامہ پہنا سکے اور امریکہ کو دوبارہ عظیم بنانے میں معاون ثابت ہو۔ سرجیو گور ایریک گاوسیٹی کی جگہ لیں گے، جو 11 مئی 2023 سے 20 جنوری 2025 تک بھارت میں امریکہ کے سفیر تھے۔×

Former Lanka Prez.Police Remand

سری لنکا کے سابق صدر رانل وکرما سنگھے کو سرکاری فنڈ کے غلط استعمال کے الزام میں اس ماہ کی 26 تاریخ تک پولیس حراست میں بھیج دیا گیا ہے۔ اُن پر سال 2023 میں برطانیہ کے ایک نجی دورے کے دوران سرکاری فنڈکے غلط استعمال کا الزام ہے۔

V/C Ahmed Moieen Farooqui

National Space Day

آج پورے ملک میں دوسرا قومی خلائی دن منایا جا رہا ہے۔ یہ دن 23 اگست 2023 کو چاند پر چندریان 3 مشن کے وکرم لینڈر کی کامیاب سوفٹ لینڈنگ اور Pragyan Rover کی تنصیب کاری کی یاد میں منایا جا رہا ہے۔

V/C Priya

2023 میں آج ہی کے دن چندریان تین مشن کامیابی کے ساتھ مکمل ہوا تھا۔ وکرم Lander چاند پر محفوظ طور پر آسانی کے ساتھ اترا تھا۔ اس کے ساتھ ہی بھارت چاند پر قدم رکھنے والا چوتھا ملک اور چاند کے قطب جنوبی پر پہنچنے والا پہلا ملک بن گیا۔ وکرم لینڈر کی Soft Landing کے بعد Pragyaan Rover کو کامیابی کے ساتھ نصب کیا گیا۔ لینڈنگ کے مقام کو شیو شکتی پوائنٹ کا نام دیا گیا۔ اس حصولیابی کا جشن منانے کے لیے بھارتی حکومت نے باضابطہ طور پر 23 اگست کو قومی خلائی دن کے طور پر اعلان کیا۔ یہ دن خلائی تحقیق اور خلائی ٹکنالوجی میں پیشرفت کے تعلق سے نمایاں حصولیابیوں کے اعتراف کے طور پر منایا جاتا ہے۔

اس سال کا موضوع ہے۔ ”آریہ بھٹ سے گگن یان تک، قدیم فراست سے لامحدود امکانات تک۔

پریہ منڈل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں...........

تقریبات کے حصے کے طور پر بھارتی خلائی تحقیق کے ادارے ISROنے کل نئی دلی میں قومی خلائی Meet 2.0 کا انعقاد کیا۔ اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے اسرو کے چیئرمین وی نارائنن نے 1963 میں Thumba میں راکٹ لانچ کیے جانے سے لے کر آج خلا کے میدان میں بھارت کی قیادت کی عالمی شناخت تک کے شاندار سفر کو اجاگر کیا۔

پروگرام کے اختتامی اجلاس میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے وزیراعظم کے پرنسپل سیکریٹری پی کے مشرا نے خلا کے شعبے میں بھارت کے سفر کی ستائش کی اور زور دے کر کہا کہ یہ Meet حکومت کا مجموعی طریقہ کار پر مشتمل ہے۔ جو زراعت اور حفظانِ صحت سے لے کر آفت کے بندوبست اور پائیدار ماحولیات کا احاطہ کرتی ہے۔

S/B ISRO Chief

Govt Tik Tok Ban

حکومت نے کل یہ واضح کردیا کہ بھارت میں ٹِک ٹاک پر سے پابندی ہٹانے کا کوئی حکم جاری نہیں کیا گیا ہے۔ الیکٹرونکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کی وزارت کے ذرائع کے مطابق، بھارت

میں ٹک ٹاک پر سے پابندی ہٹائے جانے کے حکم کا کسی بھی طرح کا دعوی فرضی اور گمراہ کن ہے۔

بھارتی صارفین کے ذریعے ٹک ٹاک، ویب سائٹ ہوم پیج تک رسائی حاصل کرنے کی اطلاعات کے درمیان یہ وضاحت سامنے آئی ہے۔x

Wrestling

گل بلغاریہ کے Samokov میں انڈر ٹوئینٹی عالمی چیمپین شپ کشتی مقابلے کے خواتین کے زمرے میں بھارت کی کاجل دوچک نے سونے کا تمغہ جیتا جبکہ شروتی اور ساریکا نے کانسے کے تمغے حاصل کیے۔

مردوں کےGreco Roman ، 60کلوگرام زمرے میں بھارت کے پہلوان سورج نے فرانس کے Lucas Go Grassoکو ہراکر کانسے کا تمغہ جیتا۔ مقابلے میں اب تک بھارتی پہلوانوں نے کُل 9 تمغے جیتے ہیں جن میں 2 سونے، 4 چاندی اور 3 کانسے کے تمغے ہیں۔x

PM Natural Farming Mission

وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں زرعی تحقیق کی بھارتی کونسل ICAR میں قدرتی کاشت کاری سے متعلق قومی مشن کا آغاز کرنے والے ہیں۔ زراعت کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے اس کا اعلان پچھلے ہفتے ریاستوں کے وزراء زراعت کے ساتھ میٹنگ کے بعد کیا تھا۔

S/B - Shivraj Singh

مرکزی کابینہ نے گزشتہ سال نومبر میں اس مشن کو ایک مرکزی امداد یافتہ اسکیم کے طور پر منظوری دی تھی۔ اس اسکیم کے لیے 15 ویں مالیاتی کمیشن 2025-26 تک کا بجٹ 2 ہزار 481 کروڑ روپے رکھا گیا ہے، جس میں مرکز کا حصہ ایک ہزار 584 کروڑ روپے، جبکہ ریاستوں کا حصہ 897 کروڑ روپے شامل ہے۔

قدرتی کاشت کاری کے قومی مشن کا مقصد مٹّی کی زرخیزی میں اضافہ کرنا، ایکو نظام کو بحال کرنا اور کسانوں کے لیے پیداواری لاگت کو کم کرنا ہے۔ قدرتی کاشت کاری کے قومی مشن کی توجہ سائنسی بنیادوں پر پائیداری، ہر طرح کے موسم میں زرعی پیداوار اور خوراک کی یقینی فراہمی کے لیے زرعی طریقۂ کار کو مضبوط بنانے پر مرکوز ہے۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu: پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......عبد الواحد

شکریہ - شبانہ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً تمام اردو اخباروں نے وزیراعظم نریندر مودی کی جانب سے بہار میں متعدد پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھنے اور افتتاح کرنے کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے، روزنامہ پرتاپ کی سرخی ہے: ریاست کو ترقیاتی پروجیکٹوں کا تحفہ۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے کولکاتا میں وزیراعظم کے ہاتھوں میٹرو ریل منصوبوں اور قومی شاہراہوں کے افتتاح کی خبر کو صفحہ اول پر اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے وزیر خارجہ ایس جے شنکر کے روس کے دورے کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اخبار نے سرخی لگائی ہے: دو طرفہ تجارت کو متوازن طریقے سے فروغ دینے پر زور۔

بھارتی فوج کے سربراہ جنرل اپیندر دیویدی کے آئندہ ہفتے الجزائر کا دورہ کرنے کی خبر کو بھی اردو اخبارات نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ ملاپ کی سرخی ہے: دونوں ملکوں کے درمیان دفاعی تعاون پر زور۔

اخباروں میں شائع ہونے والی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

_ سری لنکا کے سابق صدر رانل وکرما سنگھے سرکاری فنڈ کے غلط استعمال کے الزام میں گرفتار۔

_ سعودی عرب اور امریکہ کے درمیان فوجی شراکت داری کا معاہدہ۔

_ ایران اور یوروپی طاقتیں جوہری امور اور پابندیوں پر کریں گی تبادلہ خیال۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی اس مہینے کی 29 تاریخ سے جاپان اور چین کا 4 روزہ دورہ کریں گے۔

2- GSTکونسل کی دو روزہ میٹنگ اگلے مہینے کی 3 تاریخ کو نئی دلّی میں شروع ہوگی۔

3- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے قریبی ساتھی Sergio Gor کو بھارت میں امریکہ کا اگلا سفیر مقرر کیا ہے۔

4- چاند کے قطب جنوبی پر چندریان تین مشن کی کامیاب سافٹ لینڈنگ کی یاد میں آج ملک بھر میں قومی خلائی دن منایا جا رہا ہے۔

5- بلغاریہ میں جاری 20 سال سے کم عمر کی عالمی کُشتی چیمپئن شپ میں، خواتین کے مقابلے میں بھارت کی کاجل Dochak نے سونے کا تمغہ، جبکہ شروتی اور ساریکا نے کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------